

طارق سلیم ڈوگر
(آئی۔جی۔پنجاب)

CITY TRAFFIC POLICE
FAISALABAD



محمد زاہد محمود ایڈیشنل IG ٹریفک (پنجاب)



ڈاکٹر طارق کھوکھر
DIG ٹریفک (پنجاب)

# سگنل

ماہ اکتوبر۔نومبر 2009,

## ٹریفک پولیس کا ترجمان



Scanned with CamScanner

# یادرکھنے کی باتیں

سفر پر روانہ ہونے سے پہلے گاڑی کا پٹرول، موبل آئل، واٹر، برقی آلات، ٹائر اور ٹائروں میں ہوا کا پریشر ضرور چیک کر لیں۔

دورانِ ڈرائیونگ پیدل چلنے والوں کا خاص خیال رکھیں۔

ٹریفک سگنل کی سرخ بتی جلنے پر اپنی گاڑی کو سٹاپ لائن کے پیچھے روکیں۔

دائیں مڑنے والے دائیں لین میں، بائیں مڑنے والے بائیں لین میں اور سیدھا جانے والے درمیانی لین میں رہیں گے۔

آہستہ چلنے والی تمام گاڑیاں سڑک کے انتہائی بائیں جانب چلیں۔

گول چکر میں دائیں طرف سے آنے والی ٹریفک کو پہلے گزرنے دیں۔

روڈ پر کسی بھی طرف مڑنے سے پہلے گاڑی کے انڈیکیٹرز کو ضرور استعمال کریں۔

شہری علاقوں میں دورانِ ڈرائیونگ ہارن کم سے کم استعمال کریں۔

دو گھنٹے مسلسل ڈرائیونگ کے بعد آدھا گھنٹہ آرام کریں۔

اپنی گاڑی کو ایسی جگہ پارک مت کریں جہاں وہ ٹریفک کے بہاؤ میں خلل پیدا کرے۔

اوورٹیک کرتے وقت مررز کا استعمال کریں۔

ایمبولینس، ریسکیو یا فائر بریگیڈ کی گاڑی کا ہارن سنیں تو اپنی گاڑی سڑک کے انتہائی جانب کر کے راستہ فراہم کریں۔

شہری حدود میں اپنی گاڑی کی رفتار 40 کلومیٹر فی گھنٹہ سے کم رکھیں۔

دورانِ سفر گاڑی سے باہر گردن یا ہاتھ ہرگز نہ نکالیں۔

گاڑی یا موٹر سائیکل چلاتے وقت موبائل فون کا استعمال ہرگز نہ کریں۔

موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کا استعمال کریں۔

ون ویلنگ سے اجتناب کریں یہ آپ کی اور دوسروں کی زندگی کیلئے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔

سائیکل چلاتے وقت روڈ کی انتہائی بائیں سائیڈ پر رہیں۔

سڑک پر پیدل چلتے ہوئے ہمیشہ فٹ پاتھ کا استعمال کریں۔

سڑک پار کرتے ہوئے ہمیشہ زیبرا کراسنگ استعمال کریں۔

اگر چوک میں سگنل موجود ہو تو ہمیشہ سرخ بتی پر سڑک کو پار کریں۔

سڑک پار کرنے سے پہلے دائیں بائیں دیکھ کر اطمینان کر لیں کہ گاڑیوں کا فاصلہ آپ سے مناسب ہے۔

سڑک پر کھانے پینے کی اشیاء کے چھلکے، لفافے، ڈبے یا جلتا ہوا سگریٹ ہرگز نہ پھینکیں۔

ٹریفک وارڈن آپ کا دوست آپ کا معاون

Scanned with CamScanner



# پیغام

ہر علاقہ کے مسائل اور وسائل نوعیت کے اعتبار سے مختلف ہوا کرتے ہیں ۔ بالکل اسی طرح ہر شہر کی ٹریفک کی صورت حال بھی ایک دوسرے سے مختلف ہوا کرتی ہے ۔شعبہ ٹریفک میرے لئے نیا نہیں ہے میں گزشتہ کافی عرصہ سے اسی شعبہ سے وابستہ ہوں اور آپ لوگوں کی سروس بھی تقریباً دو برس ہو چکی ہے آپ فیصل آباد کے ٹریفک سسٹم سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں۔

فیصل آباد کے ٹریفک مسائل اور وسائل دونوں ہمارے سامنے ہیں۔اب ہمیں ان لامحدود مسائل سے نبرد آزما ہونے کیلئے نہ صرف اپنی بہترین پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ہے بلکہ اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لاکر یہ ثابت کرنا ہے کہ عوام اور پولیس کا باہمی تعاون لازم وملزوم ہے ۔اگر ہم عوامی اعتماد اور تعاون حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو یہ امر پرامن معاشرہ کی تشکیل میں سنگِ میل ثابت ہوگا۔

اس کیساتھ ساتھ میں آپکی توجہ چند اہم نقاط کی طرف دلانا ضروری سمجھتا ہوں۔سب سے پہلے اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ ہمارا مقصد چالان کرنا نہیں بلکہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ **HELP** آپکا منشور ہونا چاہیے اگر چالان کی بجائے وارننگ سے کام لیا جائے تو نہ صرف عوام میں قانون پر عمل داری کا احساس پیدا ہوگا بلکہ یہ محکمہ کی نیک نامی کا باعث بھی بنے گا۔

آپ سے افسرانِ بالا اور عوام کی اُمیدیں وابستہ ہیں۔آپکو مثالی کردار ادا کرنا ہے اور یہ ثابت کرنا ہے کہ ہم میرٹ پسند ہیں ہمیں سفارش کلچر کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے سسٹم کو مزید بہتر بنانا ہے چونکہ ہم ڈسپلن فورس کا حصہ ہیں اور ایک ضابطہ کے پابند ہیں جسکی پاسداری ہمارا نصب العین ہے۔افسرانِ بالا کے احکامات کے مطابق تمام افسران کے دفتر اور فیلڈ سے تقرری وتبادلہ جات میرٹ پر کئے جا چکے ہیں۔سرکاری املاک جیسا کہ وائرلیس سیٹ اور گاڑیاں وغیرہ آپکو سہولت کیلئے فراہم کی گئیں ہیں جن کی حفاظت کرنا آپکی ذمہ داری ہے۔یونیفارم کی فراہمی اور ہفتہ وار ریسٹ اور دیگر مراعات بارے لائحہ عمل ترتیب دیا جا چکا ہے جس سے آپ بہت جلد مستفید ہونگے۔

آخر میں آپ لوگوں سے یہی کہنا چاہوں گا کہ نیک نیتی سے اپنے فرائضِ منصبی کی ادائیگی جاری رکھیں۔ آپ ہر میدان میں مجھے اپنے شانہ بشانہ پائیں گے۔خدا آپ کا حامی وناصر ہو۔آمین

**آصف ظفر چیمہ**
چیف ٹریفک آفیسر فیصل آباد

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## حمد

مالک بحر و بر، خالق دو جہاں
تجھ سا کوئی کہاں، تجھ سا کوئی کہاں

یہ فلک یہ زمیں آب پتے ہوا
برق و باراں سمندر۔ خلاء اور فضا
یہ پرندے یہ پُر کیف بادِ صبا
سب کے سب مل کے کرتے ہیں تیری ثناء
مالک بحر و بر، خالق دو جہاں
تجھ سا کوئی کہاں، تجھ سا کوئی کہاں

عرشِ اعظم کا ہر سو احاطہ کئے
آسماں اور زمیں اپنی حد میں لئے
سب ہیں بد مست کوثر سے وحدت پیے
ان ملائک کے سجدے بھی تیرے لئے
مالک بحر و بر، خالق دو جہاں
تجھ سا کوئی کہاں، تجھ سا کوئی کہاں

کیسے مجھ سے بیاں ہوں تیری خوبیاں
لفظ جامد ہیں شل ہے قلم کی زباں
عقل سے ماورا تیری ذاتِ نہاں
کیا مطیع مولا اور کیا مطیع کا بیاں
مالک بحر و بر، خالق دو جہاں
تجھ سا کوئی کہاں، تجھ سا کوئی کہاں

(از۔مطیع ترمذی)

## نعت

دامانِ کرم جیسے کہ رحمت کی ہو مہکار
گیسوئے معطر بنے والیل کے آثار
الہام کے نغموں سے چھلکتی ہوئی گفتار
اور حسن کہ جو حسن کے کوچے میں ہو شاہکار
لفظوں میں سراپا وہ عیاں ہو نہیں سکتا
اُس حُسنِ تجلی کا بیاں ہو نہیں سکتا
قرآن بھی ہے مدحتِ انوارِ محمدؐ
لفظوں میں سجا رکھے اسرارِ محمدؐ
ہم کیسے کہیں کیسے ہیں سرکارِ محمدؐ
کہتے ہیں فقط اتنا طلبگارِ محمدؐ
ہے عظمت والا تو ہر اک شان سے آگے
انسان ہیں پر لگتے ہیں انسان سے آگے
یزداں کو ملا شوقِ ہنر آپ کی خاطر
جنت میں ہے ممنوعہ شجر آپکی خاطر
لمحوں نے کیا برسوں سفر آپکی خاطر
دو ٹکڑے ہوا نورِ قمر آپکی خاطر
ہیں وجہء خلائق بھی تو ہیں نورِ خدا بھی
ہے آپکے صدقے سے ہی تسلیم ورضا بھی
ہونٹوں پہ سدا صلِ علیٰ جاری رہیگا
محشر میں ہر اک شخص فقط یہ ہی کہے گا
ہستی کا ہر اک ذرہ گواہ بن کے سنے گا
جب نورِ محمدؐ سبھی آنکھوں پہ کھلے گا
مقبول شفاعت کی دعا لگنے لگی ہے
یہ نور کی صورت تو خدا لگنے لگی ہے

کلام: محمد عون نقوی

## فہرست


5- اداریہ
6- سچ تو یہ ہے-----
7- IG پنجاب کا دورہ فیصل آباد/بریفنگ CTO
8- ڈپلیکیٹ لائسنس/انڈورسمنٹ کا طریقہ کار
9- راہنمائی/گاڑیوں کی ملکیت کی ٹرانسفر
10- موٹر گاڑیوں کا فٹنس سرٹیفیکیٹ
11- ٹریفک ایجوکیشن
12- نقطہء نظر، VC زرعی یونیورسٹی فیصل آباد
13- سڑک، عابد کمالوی
14- سگنل، پروفیسر ڈاکٹر شمشاد اختر
15- انسان سازی/حسن کارکردگی
16- انٹرویو، RPO فیصل آباد
18- پھول جیسے مسکراتے چہرے، ڈاکٹر جلال عارف
19- موٹر ٹریفک مینجمنٹ، سبحان علی
20- اوورلوڈنگ/بچے ہمارا مستقبل
21- موٹر سائیکل پر سواری کا انداز/ڈرائیونگ ٹیسٹ
22- ادبیات
27- Criminology Part-III
28- Regulating Traffic/Mobile Phone
29- Warden System...... A Change
30- Valuability of our Responsibility/ Lack of Liason within Police


## مجلسِ ادارت


سرپرست اعلیٰ



آصف ظفر چیمہ
چیف ٹریفک آفیسر فیصل آباد

سرپرست



چوہدری جاوید انور
(DSP) پیپلز کالونی

چیف ایڈیٹر: محسن نقوی (T.W)

ایڈیٹرز: مبشر سعید باجوہ (T.W) مطیع الحسنین ترمذی (T.W)

ماہنامہ "سگنل" کے حوالے سے اپنی تجاویز، آراء اور تحریریں مندرجہ ذیل ایڈریس پر ارسال کریں۔

ایڈریس: دفتر چیف ٹریفک آفیسر فیصل آباد۔آئی۔ٹی۔ برانچ

| | |
|---|---|
| Ph: | 041-9200514 |
| Fax: | 041-9200515 |
| Cell: | 0301-4137095, 0321-7223550 |
| Mail: | signal.ctpf@gmail.com |

پبلشرز: لائل پور گرافکس فیصل آباد Ph:041-2600005


Scanned with CamScanner

اداریہ

# ٹریفک سسٹم

## وارڈن



کسی بھی مہذب معاشرے کی پہچان اسکی سڑکوں پر رواں دواں منظم ٹریفک ہوا کرتی ہے لیکن ہم جب بھی لفظ ٹریفک سنتے ہیں تو دھواں چھوڑتی، شور مچاتی گاڑیاں، دھکم پیل اور چالان جیسے خیالات ذہن میں گردش کرنے لگتے ہیں۔ ہمارے ہاں ٹریفک کے موضوع کو کبھی سنجیدگی سے لیا ہی نہیں گیا حالانکہ اگر ہم ٹریفک کے نظام کو موثر بنانے میں کامیاب ہو جائیں تو کم از کم 50 فیصد ملکی مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ ایرانی صدر محمود احمدی نژاد نے ٹرانسپورٹیشن میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی جب ان سے اس کا سبب پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ دنیا کو آنے والے دور میں جن چیلنجز کا سامنا ہے ان میں ٹرانسپورٹیشن کا مسئلہ سب سے گھمبیر ہوگا۔

ٹریفک ایک سسٹم کا نام ہے جس کی بنیاد تین چیزوں پر ہے۔ تعمیر، تعلیم اور تنفیذ۔ بڑھتی ہوئی آبادی کا طوفان ہمارے ملک کی جانب بڑی تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ بینک لیزنگ اور دیگر سکیمیں، شاہراہوں پر گاڑیوں کے بے تحاشہ اضافے کا سبب بنی ہیں۔ جب کہ ہمارے پاس سڑکوں کی شرح ان کے مقابلے میں بہت کم ہے یا یوں سمجھ لیں جوں کی توں۔ روڈ انجینئرنگ (تعمیر) ٹریفک سسٹم کا بنیادی ستون ہے موجودہ سڑکیں اکثر اگر اچھی حالت میں بھی ہوں تو گونگی ضرور ہوتی ہیں۔ سڑک کی زبان یعنی ٹریفک سائنز، ٹریفک سگنلز اور روڈ مارکنگ کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ رہی سہی کسر تجاوزات، مین ہول اور دیگر محکمے پوری کر دیتے ہیں۔ ڈویلپمنٹ کا اپنا ہی انداز ہے۔ کچھ سال پہلے ملکی تجارتی مرکز کراچی میں اربوں خرچ کر کے فلائی اوور تعمیر کیا گیا بدست صدر مملکت افتتاحی تقریب سرانجام پائی لیکن محض چند دن بعد میڈیا اسی فلائی اوور کی ناقص میٹریل کے باعث زمیں بوس کا منظر دکھا رہا تھا۔ پلاننگ کا یہ عالم ہے کہ عوام کو Round About، اشارے اور ٹریفک پولیس تینوں کا بیک وقت پابند بنایا جاتا ہے۔

اس سسٹم کا دوسرا ستون ایجوکیشن (تعلیم) ہے۔ یعنی عوام کو قوانین سے آگاہی دینا کیونکہ ہم میں سے تقریباً ہر شخص روڈ یوزر ہے۔ اس لئے انہیں یہ باور کرانا ہے کہ قوانین آپ کے تحفظ کیلئے بنائے جاتے ہیں ان پر عمل سے آپ کا حق محفوظ ہوتا ہے۔ کیونکہ اگر عوام ضابطے سے آگاہ ہوں، ان میں یہ احساس موجود ہو کہ یہ ہمارا ملک ہے، ہمارے اپنے بنائے ہوئے قوانین ہیں اور اگر ہم ان قوانین کی پاسداری کریں گے تو یہ سسٹم منظم انداز میں چل سکتا ہے۔

اس سسٹم کا آخری ستون جسکے سہارے آج تک یہ سسٹم چل رہا ہے وہ ہے Enforcement کا حالانکہ یہ سب سے آخری مرحلہ ہے۔ اگر سڑکیں درست حالت میں موجود ہوں عوام قوانین سے آگاہ ہوں تو قوانین کا نفاذ خود بخود سہل بن جاتا ہے۔ لیکن ایجوکیشن اور انجینئرنگ کی کمی کو دور کرنے کیلئے ٹریفک پولیس کیا کر سکتی ہے۔ قوانین کا منصفانہ اور غیر جانبدارانہ نفاذ اس نظام کی بنیاد ہے۔ عموماً یہ تاثر لیا جاتا ہے کہ ٹریفک پولیس کے اہلکار ٹارگٹ پورا کرنے کیلئے بغیر وجہ عوام کو تنگ کرتے ہیں اور جرمانوں کا بوجھ مسلط کیا جاتا ہے۔ جبکہ حقیقت اس سے مختلف ہے جرمانہ محض علامتی حیثیت رکھتا ہے جسکا مقصد احساس ذمہ داری کو بیدار کرنا ہے۔ اس سسٹم کی کامیابی میں رویے بھی ایک بڑی رکاوٹ ہیں اگر ہم اپنے رویے میں مثبت لے آئیں تو وسائل کی کمی کے باوجود بھی یہ سسٹم فعال بنایا جا سکتا ہے اگر ہم ان قوانین پر عمل کریں جو ہمارے اپنے تحفظ کیلئے تشکیل دیئے گئے ہیں۔ بمطابق ضرورت معیاری روڈ انجینئرنگ کی اشد ضرورت ہے۔ ٹریفک قوانین کو نصاب تعلیم کا حصہ بنا کر اور پائیدار پبلک ٹرانسپورٹ کو ترویج دیکر اس سسٹم کو مزید موثر بنایا جا سکتا ہے۔ لہٰذا یہ بات عیاں ہے کہ ٹریفک ایک سسٹم کا نام ہے اور یہ خیال کہ اس کے تمام مسائل کی ذمہ دار پولیس ہے سراسر غلط ہے کیونکہ ٹریفک پولیس بذاتِ خود اس نظام کا حصہ ہے۔

ٹریفک کی گھمبیر صورتحال کے پیش نظر پنجاب کے پانچ بڑے شہروں لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، فیصل آباد اور ملتان میں ایک نئی ٹریفک فورس کو متعارف کرایا گیا۔ جسے نہ صرف ٹریفک کو ریگولیٹ کرنے بلکہ عوام کو ایجوکیٹ کرنے کی ذمہ داری بھی سونپی گئی۔ ابتدائی طور پر اس فورس کو شہری حدود کے اندر ٹریفک کنٹرول پر مامور کیا گیا جس کے بہترین نتائج حاصل ہونے پر اس نظام کو متعلقہ اضلاع کی تمام تحصیلوں کی سطح تک پھیلا دیا گیا۔ ٹریفک وارڈنز کی کارکردگی پر افسران بالا اور عوامی حلقوں نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ ٹریفک وارڈنز کے لئے یہ ایک حوصلہ افزاء سگنل ہے اگر یہ نظام صوبہ بھر کے اضلاع میں نافذ کر دیا جائے تو یہ ایک مثبت پیش رفت ہوگی اور یہ بات یقین سے کہی جا سکتی ہے کہ ٹریفک وارڈنز اپنی خدمات احسن طریقے سے سرانجام دینے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے۔

محسن نقوی
چیف ایڈیٹر
ٹریفک وارڈن



Scanned with CamScanner



# سچ تو یہ ہے ----------

مبشر سعید باجوہ
(ایڈیٹر)

" کہنا" اور " کرنا" چار چار حروف کے دو الفاظ جو انسان کے ارادے اور عمل کو ظاہر کرتے ہیں۔ لیکن عموماً انسان اپنی کہی ہوئی باتیں کرتے وقت بھول جاتا ہے یا بُھلا دیتا ہے۔ قول و فعل کا تضاد بھی انہیں دو الفاظ کے استعمال کرنے سے واضح کیا جاتا ہے۔

" کہنا" ایک ایسا بے وقعت کیڑا ہے جو بے کار میں جال بنتا رہتا ہے۔ اسکے برعکس " کرنا" ایک خوشبودار پھول ہے جو اپنی خوشبو سے چار سو خوشیاں پھیلاتا ہے۔

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

اگر ارباب بست و کشاد، ارباب بصیرت، ارباب دولت، ارباب نظر، ارباب سخن، ارباب شرع اور ارباب قلم تقریروں اور تحریروں کی بجائے ملک کیلئے عملی طور پر میدان میں اتر آئیں تو ملک موجودہ بحرانوں کے بھنور سے نکل سکتا ہے۔ انسان جو کہتا ہے اسکو کرنے کی کوشش کرتا ہے لیکن جو کرتا ہے اس پر قائم نہیں رہتا یعنی قول و فعل کا تضاد۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ وائسرائے ہند اپنی اہلیہ کے ساتھ گپ شپ میں مصروف تھے۔ چائے کا دورہ چل رہا تھا کہ ایک کوا وہاں ایک منڈیر پر آ کر بیٹھ گیا۔ بھوکا تھا بیچارا جب اپنے سامنے اس نے بسکٹوں کی ڈش دیکھی تو وہ وائسرائے کی بغل میں سے اڑتا ہوا اسکے سامنے سے بسکٹ اڑا کر لے گیا۔ وائسرائے کے تیور چڑھ گئے مگر کچھ ہی دیر بعد اس کے اعصاب نارمل ہو گئے۔ ادھر کوے کو بسکٹس بہت لذیذ معلوم ہوئے وہ دوبارہ اڑا اور ایک اور بسکٹ لے کر اڑ گیا۔ اب وائسرائے صاحب کے چہرے پر غصے کے تاثرات نمایاں ہو گئے۔ اس نے تحکمانہ انداز میں اپنی اہلیہ کو حکم دیا کہ جاؤ اندر سے میرا پسٹل لیکر آؤ میں اس کو سزا ضرور دونگا۔ کوے نے سوچا اس کی اہلیہ اندر جائے گی، پسٹل لائے گی، وائسرائے کو دے گی اور پھر کہیں جا کر وائسرائے مجھ پر فائر کر سکے گا تو کیوں نہ میں ایک اور بسکٹ لے اڑوں۔ اب جب اس نے بسکٹ اٹھانے کی کوشش کی تو وائسرائے نے فوراً اپنی سائیڈ سے پسٹل اٹھایا اور فائر کر کے کوے کو ہلاک کر دیا۔ کوا مرتے ہوئے کہنے لگا " گورا صاحب آپ کہتے کچھ ہو اور کرتے کچھ ہو۔" یہ حقیقت نہیں افسانہ تھا لیکن اگر آج کوئی اپنی کہی بات پر قائم رہے تو وہ افسانہ معلوم ہوتی ہے۔

من حیث القوم میری آپ لوگوں سے استدعا ہے کہ اپنے مثبت " کہنا" کو مثبت " کرنا" کا پہناوا دیکر ملک و قوم کی ترقی میں حصہ ڈالیں۔ اگر اب بھی ہم ہاتھ پر ہاتھ دھرے بنی اسرائیل کی طرح من و سلویٰ کے انتظار میں بیٹھے رہے تو ہماری کامیابی کا **سگنل** سرخ ہو جائے گا اور ہم بربادی کے دھانے پر پہنچ جائیں گے۔ دیکھئے، محسوس کیجئے اور اس ہجومِ بلا میں ہنگامِ سحر کیلئے کوشاں رہیں۔








Scanned with CamScanner

# آئی جی پنجاب کا دورہ فیصل آباد

آئی۔ جی۔ پنجاب جناب طارق سلیم ڈوگر فیصل آباد کے دورہ پر تشریف لائے تو انہوں نے پولیس کے اعلیٰ افسران کے ساتھ شہر میں امن عامہ کے حوالہ سے میٹنگ کی۔ بعدازاں کھلی کچہری میں عوامی شکایات بارے احکامات صادر فرمائے۔



عوامی شکایات سنتے ہوئے



پریس کانفرنس کرتے ہوئے



افسران سے خطاب

# بریفنگ چیف ٹریفک آفیسر، فیصل آباد

چیف ٹریفک آفیسر فیصل آباد جناب آصف ظفر چیمہ نے اپنے عہدہ کا چارج سنبھالنے کے بعد فیصل آباد شہر کا دورہ کیا اور ٹریفک کے بہترین بہاؤ کیلئے سینئر ٹریفک وارڈنز، ٹریفک وارڈنز اور لیڈی ٹریفک وارڈنز کو بریفنگ دی۔









## تقریب تقسیمِ انعامات سال 2007-08ء نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس



نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر وے پولیس شیخوپورہ کیمپ آفس میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی جس کی صدارت ڈی آئی جی (NH & MP) ڈاکٹر محمد شعیب نے کی۔ اور عمدہ کارکردگی پر افسران میں تعریفی اسناد اور نقد انعامات تقسیم کئے۔ اس تقریب میں ڈی ایس پی چوہدری جاوید انور (انچارج سرکل [illegible]) کو NH & MP میں خدمات سرانجام دینے پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی طرف سے تعریفی سند اور 80,000 روپے نقد انعام دیا گیا۔ چوہدری جاوید انور نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں دوسرے افسران کو بھی ایمانداری اور خلوص نیت سے فرائض کی انجام دہی کی تلقین کرتا ہوں تاکہ موٹر وے پولیس کی طرح وہ بھی اپنا منفرد مقام بنا سکیں۔



Scanned with CamScanner



## سرفراز احمد فلکی صاحب کے نام

(سابق C.T.O فیصل آباد)

خدا زمانے میں تجھ کو یوں سرفراز کرے
زمانہ جھوم اُٹھے اور فلک بھی ناز کرے

خدا نظر کو تیری اور معتبر کردے
تو کھوٹے اور کھرے میں جب امتیاز کرے

ہر ایک بادِ مخالف کا تو مقابل ہو
تیری ہر ذات کا ہر پہلو زمانہ ساز کرے

تیرے انصاف کے معیار کے ہیں کیا کہنے
جو چھوٹے اور بڑے کو بھی ہم آواز کرے

نا خدا ہے جو باطل کی شہ سواری کا
مزاجِ شاہی کے آگے سپر انداز کرے

ڈر اور خوف کے اس کرگسوں کے میلے میں
مثلِ شاہیں فلک بوس تُو پرواز کرے

دعائیں مانگتا ہوں ہمیشہ تیرے تبسم کی
اُٹھا کے ہاتھ نظر تیری کل الفاظ کرے

محمد اکرم تبسم
(STW)

# ڈپلیکیٹ لائسنس

محمد حسنین مہر
(انچارج لائسنسنگ برانچ)

گزشتہ شمارہ میں تجدید لائسنس اور انٹرنیشنل لائسنس کا طریقہ کار تفصیل سے بیان کیا گیا تھا۔ اب ڈرائیونگ لائسنس کے گم ہونے یا ضائع ہوجانے کی صورت میں ڈپلیکیٹ لائسنس حاصل کرنے کا طریقہ بیان کیا جارہا ہے جس کیلئے مندرجہ ذیل کاغذات درکار ہیں اور فائل مکمل کر کے لائسنسنگ برانچ آفس CTO، نزد ضلع کونسل فیصل آباد میں جمع کروائیں۔

1۔ مطلوبہ درخواست فارم۔
2۔ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
3۔ دو عدد تصدیق شدہ تازہ پاسپورٹ سائز فوٹو گراف۔
4۔ اگر کاپی والا لائسنس گم ہوا ہو تو متعلقہ ڈاک خانہ سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ جس سے ظاہر ہو کہ گم شدہ لائسنس کس تاریخ تک کارآمد تھا اگر لائسنس کمپیوٹرسیکشن سے جاری ہوا تھا تو وہاں سے رپورٹ کروائیں۔ لائسنس گم ہونے کی صورت میں متعلقہ تھانہ میں رپٹ درج کروائیں اور اصل رپٹ ساتھ لیکر آئیں جو کہ 15 دن تک قابل قبول ہوگی۔
5۔ ٹکٹ۔۔۔ لائسنس گم یا خراب ہونے کی صورت میں

| موٹر سائیکل | کار | LTV | موٹر سائیکل+ LTV | HTV |
|---|---|---|---|---|
| 100 | 150 | 150 | 150 | 200 |

کاپی والی ڈپلیکیٹ کیساتھ رینیول فیس بھی لگے گی۔ ڈپلیکیٹ لائسنس جاری کرنے سے پہلے اس امر کی تصدیق کی جائے گی کہ حامل لائسنس کسی ایکسیڈنٹ میں ملوث تو نہیں ہے یا لائسنس چالان میں تو نہیں گیا ہوا۔

# انڈورسمنٹ کروانے کا طریقہ

انڈورسمنٹ کروانے کیلئے مندرجہ ذیل کاغذات تیار کر کے درج بالا پتہ پر جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

1۔ انڈورسمنٹ فارم E
2۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ
3۔ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی
4۔ دو عدد تصدیق شدہ تازہ پاسپورٹ سائز فوٹو گراف
5۔ اصل لرنر پرمٹ جسکے کم از کم چھ ہفتے گزر چکے ہوں۔
6۔ ڈرائیونگ ٹکٹ بمطابق شیڈول
7۔ پہلا لائسنس ساتھ منسلک کرنا ہوگا

| موٹر سائیکل | کار | LTV | موٹر سائیکل+ LTV | HTV |
|---|---|---|---|---|
| 550 | 900 | 900 | 950 | 1200 |



Scanned with CamScanner



## راہنمائی

**رائے الطاف حسین** (ڈی۔آئی۔جی) ہیڈکوارٹرز

آپکو دورانِ ڈیوٹی اندرون و بیرونِ ملک کے مختلف مکتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ باندازِ تجزیہ دیکھتے ہیں۔لہٰذا پیشہ وارانہ مہارت، اخلاق اور مثالی ٹرن آؤٹ کو اپنی پہچان بنائیں۔مزید برآں یہ کہ بطور شہری بھی آپکا Conduct مثالی ہونا چاہیے۔لوگوں نے آپکو نویدِ سحر کی مانند تسلیم کیا ہے لہٰذا اپنے آنے کے مقصد کو اور اپنے تعلیم یافتہ اور مہذب رویے سے اپنا مقام کو قائم رکھنے کیلئے شبانہ روز محنت کریں ورنہ آپکو بھی روایت ہی متصور کیا جائیگا۔



**روبن یامین** (ایس۔پی۔ایڈمن،فیصل آباد)

مجھے اس فورس کے سہالہ سے فیصل آباد آمد کے ابتدائی ایام یاد آرہے ہے جب یہ نوجوان سڑکوں پر کھڑے طفلِ ناتواں کی طرح ڈگمگاتے اور ڈیوٹی کرتے ہوئے ہچکچاتے تھے۔انہیں ٹریفک کنٹرول بارے کچھ خاص تجربہ نہ تھا لیکن اب ان نوجوانوں کی پیشہ وارانہ مہارت، Road Grip اور عوام الناس کی رائے سے انکی کارکردگی عیاں ہوتی ہے۔انسان کا ضمیر اس کا سب سے بڑا نقاد ہوتا ہے لہٰذا اپنی ڈیوٹی کے انجام دہی افسران کے خوف کی بجائے ضمیر کی تسلی کیلئے خوش اسلوبی سے سرانجام دیں تا کہ آپکا کام آپ کیلئے سفارش بن جائے۔

# گاڑیوں کی ملکیت کی ٹرانسفر کا طریقہ کار

**مسعود الحق**
(ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن فیصل آباد)

سابقہ شمارہ میں گاڑیوں کی رجسٹریشن اور ان کی فیس وغیرہ کا تفصیل سے ذکر آچکا ہے جسے عوام الناس نے کافی سراہا ہے۔اس شمارہ میں گاڑیوں کی ٹرانسفر سے متعلق امور کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی ہیں اُمید ہے عوام الناس اس سے استفادہ کریں گے اور کسی قسم کے ایجنٹ مافیا کے چکر میں نہ آئیں گے۔

بازار میں شورومز پر استعمال شدہ گاڑیوں کی خرید وفروخت وسیع پیمانہ پر ہورہی ہے۔گاڑی کی خرید سے پہلے اس کی رجسٹریشن کے اصل ہونے اور کاغذات کی درستی کے بارے میں ہر ممکنہ تسلی کرلیں۔اس کیلئے پولیس ڈیپارٹمنٹ ریسکیو 15 سے اس امر کی رپورٹ بھی حاصل کرلیں کہ یہ گاڑی کسی مقدمہ یا واردات میں مطلوب تو نہیں۔رجسٹریشن نمبر جس ضلع کا ہو اس ضلع کی فائل اور کاغذات کی درستی کی مکمل تسلی کر کے گاڑی کی خرید کی جائے۔اس ضمن میں عوام کی اطلاع کیلئے عرض ہے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ضلعی اور صوبائی ٹیکسوں کی وصولی کیساتھ ساتھ گاڑیوں کی رجسٹریشن ٹرانسفر اور ٹوکن ٹیکس سے متعلق امور کا کام بھی بخوبی سرانجام دے رہا ہے۔اس مقصد کیلئے صرف گاڑیوں کے متعلقہ امور کیلئے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا موٹر رجسٹریشن کا شعبہ دفتر کی گراؤنڈ فلور پر کام کر رہا ہے۔جہاں صرف گاڑیوں کی ٹرانسفر اور ٹوکن وغیرہ سے متعلقہ امور کیلئے 12 کاؤنٹر کام کررہے ہیں۔گاڑی خرید کرنے کے بعد اسے نزدیکی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس / دفتر موٹر رجسٹریشن اتھارٹی مندرجہ ذیل کاغذات کے ساتھ برائے ٹرانسفر باحق خریدار ایک ماہ کے اندر جمع کروانا لازم ہے بصورت دیگر بعد ازاں لیٹ فیس ادا کرنی پڑے گی۔

1۔درخواست فارم (T.O فارم) 100 روپے کے اشٹام پیپر پر۔ 2۔ٹرانسفر ڈیڈ (منظور شدہ فارم پر) 100 روپے کے اشٹام پیپر پر۔

3۔نقول شناختی کارڈ فروخت کنندہ، خریدکنندہ، دو عدد گواہان۔ 4۔ٹرانسفر فیس چالان فارم 32/A پر نیشنل بینک یا سٹیٹ بینک میں جمع کروا کر رسید لف کریں۔

5۔اصل رجسٹریشن بمعہ فوٹو کاپی۔

مذکورہ بالا کاغذات متعلقہ کاؤنٹر پر موجود کلرک سے چیک کروا کر جمع کروائیں اور اُس سے ان کاغذات کی وصولی کی رسید حاصل کریں۔جس پر ٹرانسفر کے بعد رجسٹریشن کی واپسی کی تاریخ بھی درج ہوگی۔متعلقہ تاریخ کو مالک گاڑی رسید دکھا کر رجسٹریشن بک واپس حاصل کرسکتا ہے۔عوام الناس کی سہولت کے لئے گاڑیوں کی ٹرانسفر فیس کے ریٹ ذیل میں دیے جارہے ہیں۔

1- موٹر سائیکل -/150 روپے 2- کار 999 سی سی تک -/1200 روپے

3- کار 1000 سی سی تا 1800 سی سی -/2000 روپے 4- کار 1800 سی سی تا سے زائد -/3000 روپے

5- ہیوی ٹرانسپورٹ وہیکل بس / ٹرک وغیرہ -/4000 روپے

آئندہ شمارہ میں اُن گاڑیوں کی رجسٹریشن و ٹرانسفر سے متعلقہ امور کا ذکر کیا جائے گا جو کسی ادارہ یا بینک کی ملکیت ہوں یا قرضہ پر خرید کی گئی ہوں۔اس ضمن میں مزید معلومات کیلئے فون نمبر: 041-9201313 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔



Scanned with CamScanner

# موٹر گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ کا اجراء



میاں محسن رشید
سیکریٹری ڈسٹرکٹ
ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، فیصل آباد

موٹر وہیکل آرڈیننس کی دفعہ 39 کے تحت ہر مالک گاڑی پر لازم ہے کہ اپنی گاڑی کا فٹنس سرٹیفکیٹ موٹر وہیکل ایگزامنر کے دفتر واقع جڑانوالہ روڈ فیصل آباد سے ہر چھ ماہ بعد حاصل کرے۔ موٹر وہیکل ایگزامنر آفس زیر نگرانی و کنٹرول دفتر سیکرٹری، ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، فیصل آباد واقع اندرون کمشنر کمپلیکس فیصل آباد کام کرتا ہے۔ متذکرہ دفتر میں دو موٹر وہیکل ایگزامنر، ایک پولیس سب انسپکٹر، ایک پولیس کانسٹیبل، دو جونیئر کلرکس اور ایک چوکیدار پر مشتمل عملہ تعینات ہے۔ فٹنس سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے گاڑی مذکورہ موٹر وہیکل ایگزامنر کے روبرو برائے معائنہ پیش کرنا ضروری ہے۔ گاڑی کو چیک کئے بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جاسکتا۔ موٹر وہیکل رولز کی دفعہ 98 کے ذیلی قاعدہ (5) کے تحت ڈرائیور اور مالک گاڑی پر لازم ہے کہ اپنی گاڑی کو مکمل طور پر فٹ رکھے اور روڈ پر لانے سے پہلے گاڑی کو چیک کرے تاکہ پتہ چل سکے کہ گاری روڈ پر چلنے کے قابل ہے کہ نہیں۔

گاڑی کا فٹنس سرٹیفکیٹ چھ ماہ کیلئے کارآمد ہوتا ہے۔ اس کو گاڑی کی رجسٹریشن بک میں سنبھال کر رکھیں اور ہر چھ ماہ بعد اسکی تجدید کروانا ضروری ہے۔ دورانِ ٹریفک چیکنگ، ان گاڑیوں کو چیک بھی کیا جاتا ہے کہ وہ مکمل طور پر ٹھیک ہیں کہ نہیں۔ گاڑی کے ان فٹ ہونے کی صورت میں اسکا فٹنس سرٹیفکیٹ معطل کر دیا جاتا ہے۔ جب تک کہ گاڑی ٹھیک نہ ہو جائے، فٹنس سرٹیفکیٹ بحال نہیں کیا جاتا۔ فٹنس سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کیلئے جنرل پوسٹ آفس سے فٹنس کی ٹکٹوں کی صورت میں گورنمنٹ کا ریونیو وصول کیا جاتا ہے۔ نئی LTV/HTV گاڑیوں کیلئے 600 روپے کی ٹکٹ لگائی جاتی ہے اور نئی D.Van کیلئے 400 روپے کی ٹکٹ لگانا ہوتی ہے جبکہ تجدید کیلئے LTV/HTV کی فیس 300 اور D.Van کی 250 روپے فیس کی ٹکٹیں لگائی جاتی ہیں۔ اگر گاڑی کو مقررہ مدت سے پندرہ دن کے اندر اندر پاس کروالیا جائے تو کوئی جرمانہ وصول نہیں کیا جاتا۔ جرمانہ جات کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ تاریخ اختتام سے 15 یوم سے زائد لیکن ایک ماہ کے اندر اندر لیٹ ہو تو جرمانہ 100 وصول کیا جائیگا۔
2۔ تاریخ اختتام سے اگر دو ماہ کے اندر لیٹ ہو تو 200 روپے زائد جرمانہ وصول کیا جائیگا۔
3۔ تاریخ اختتام سے تین ماہ کے اندر لیٹ ہو تو 400 روپے زائد جرمانہ وصول کیا جائیگا۔
4۔ تاریخ اختتام سے تین ماہ سے زائد لیٹ ہو تو ہر ماہ کا 100 روپے زائد جرمانہ علیحدہ وصول کیا جائیگا۔

# مہکتی کلیاں



(سینئر ٹریفک وارڈن محمد علی)

1۔ کسی تصویر کے اتنا قریب مت جاؤ کہ وہ دھندلی نظر آئے۔
2۔ اپنے اوصاف سے انسان عظیم ہوتا ہے اونچا عہدہ حاصل کرنے سے نہیں۔
3۔ زندگی ہمت سے بنتی ہے سہاروں سے ہرگز نہیں۔
4۔ دولت سے مسجد تو بنائی جاسکتی ہے مگر ایمان نہیں۔
5۔ دولت سے نفسیاتی خواہش تو پوری ہو سکتی ہیں مگر روحانی مسرت نہیں
6۔ زندگی ایک ایسی شمع ہے جو کہ ہوا میں رکھی ہوتی ہے۔
7۔ کسی کا بُرا چاہنے والا۔ خود کبھی بھی خوشی کی زندگی نہیں گزار سکتا۔
8۔ ایک سچا دوست ہیرے سے کم نہیں ہوتا اس لئے جہاں سچائی اور خلوص نظر آئے وہیں دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ۔
9۔ بُرے دوستوں میں بیٹھنے سے تنہائی بہتر ہے۔
10۔ چھوٹے سے چھوٹے اخراجات کا خیال رکھو کیونکہ معمولی سا سوراخ بہت بڑے جہاز کو ڈبو دیتا ہے۔
11۔ مشکل انسان کی ہمت کا امتحان لینے آتی ہے۔
12۔ نیکی کا حسن یہ ہے کہ اسے فوراً کیا جائے۔

## خضر حیات جنجیانہ (ٹریفک وارڈن)



عبداللہ پور چوک پر اپنے فرائض منصبی ادا کر رہے تھے کہ ایک گاڑی نے انتہائی مشکوک انداز میں سگنل بریک کر دیا۔ خضر جنجیانہ نے اُسے روکنے کی بھرپور کوشش کی لیکن برق رفتار گاڑی نہیں رکی۔ مشکوک گاڑی اسٹیشن چوک کا سگنل بریک کرتی ہوئی جناب کلب چوک کی طرف بھاگی آخرکار خضر جنجیانہ نے جناب کلب چوک پر ہمراہ ساتھی وارڈن افسران اُس گاڑی کو پکڑ لیا اور تلاشی لینے پر 6 مشکوک افراد اور ناجائز اسلحہ جن میں S.M.G، 222 اور پسٹل شامل ہیں برآمد کر لیا۔ اس جانفشانی اور بہادری پر ڈی آئی آپریشن صاحب نے بہادر افسر کو CC-2 اور جناب CTO صاحب نے CC-3 سے نوازا۔

## گوشہ تعزیت

گذشتہ دنوں جناب سرفراز احمد فلکی SSP انویسٹیگیشن فیصل آباد (سابقہ CTO فیصل آباد) کے والد محترم، ٹریفک وارڈن سید مطیع الحسنین ترمذی (ایڈیٹر سگنل) کے خالو اور ٹریفک وارڈن محمد ساجد نانگا کے چچا قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ خدا انہیں غریقِ رحمت کرے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین



Scanned with CamScanner



# ٹریفک ایجوکیشن اور جشنِ آزادی سیمینار

انسپکٹر
فاروق لطیف
(انچارج ایجوکیشن یونٹ)

تعلیم افراد کو مہذب بناتی ہے اور افراد معاشرے کو۔ معاشرے کو مہذب شاہراہ پر رواں کرنے کیلئے سی۔ پی۔ ایل۔ سی اور سٹی ٹریفک پولیس ہمیشہ متحرک رہے ہیں۔ ماہ اگست میں ٹریفک ایجوکیشن کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹریفک ویک منایا گیا اور اس سلسلہ میں اہم مقامات پر کیمپ لگائے گئے، ان کیمپس میں نہ صرف شہریوں میں ٹریفک شعور بیدار کرنے کیلئے ٹریفک سائن اور ٹریفک ایجوکیشن سے متعلق آگاہی کیلئے لیکچرز کا اہتمام کیا گیا، ٹریفک ایجوکیشن سے متعلق لٹریچر فراہم کیا گیا بلکہ شہریوں کی سہولت کیلئے لرنرز ڈرائیونگ لائسنس دینے کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔



ان کیمپس میں شہر کی معروف شخصیات نے شرکت فرما کر ٹریفک ویک کو کامیاب بنانے میں بھرپور معاونت کی۔ نصرت فتح علی خان آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہونیوالا شاندار سیمینار اس تمام کاوش کا نقطۂ عروج تھا۔ اس سیمینار میں شرکاء کو مختلف خاکہ جات اور مقالہ جات کے ذریعے ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی دی گئی، پروگرام میں یومِ آزادی کی مناسبت سے پروگرام پیش کر کے وطن سے بھرپور محبت کا بھی ثبوت دیا گیا۔

ٹریفک ویک کے انعقاد میں چیف سی۔ پی۔ ایل۔ سی اظہر مجید شیخ، ڈپٹی چیف آپریشن جنید احمد بانٹھ، شیخ شاہد عزیز، وائس چیئرمین ٹریفک کمیٹی سی۔ پی۔ ایل۔ سی شاہد پرویز اور دیگر ممبران سی۔ پی۔ ایل۔ سی سٹاف نے انتھک محنت کی بلکہ چیف سی۔ پی۔ ایل۔ سی اظہر مجید شیخ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ مستقبل میں بھی ایسی ثمر آور کوششوں کیلئے بھرپور معاونت کریں گے۔








ٹریفک ویک کے دوران کی گئی کاروائیوں کی ایک جامع رپورٹ بھی پیش کی گئی۔ اس تقریب کی خاص بات یہ تھی کہ ایس۔ پی۔ ایڈمن رابن یامین صاحب، ایس۔ پی۔ ٹریفک رینج آصف ظفر چیمہ صاحب نے بطور مہمانانِ خصوصی شرکت کی۔ پروگرام کے اختتام میں آر۔ پی۔ او احمد رضا طاہر صاحب نے ٹریفک ویک کامیاب کرنے والے شرکاء میں شیلڈز تقسیم کیں اور ٹریفک کلچر میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے سٹی ٹریفک پولیس اور سی۔ پی۔ ایل۔ سی کے کردار کو سراہا۔





Scanned with CamScanner

# نقطہء نظر

پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خاں
وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد



وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق گذشتہ دس برس میں پاکستان میں 50 ہزار افراد ٹریفک حادثات میں ہلاک ہوئے جبکہ ایک لاکھ سے زائد افراد زخمی ہوئے۔ مذکورہ اعداد وشمار اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ پاکستان میں ٹریفک حادثات کی شرح دنیا کے بیشتر ممالک کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔ جب ہم اپنے گردونواح میں ٹریفک کی خلاف ورزیوں پر نظر دوڑاتے ہیں تو یہ بات انتہائی تشویشناک دکھائی دیتی ہے کہ پاکستان میں زیادہ تر لوگ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کو بہادری کے زمرے میں شمار کرتے ہوئے اسے اپنے قریبی حلقوں میں انتہائی فخر کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔ بحیثیت پاکستانی ہمیں ان عوامل پر غور کرنا ہوگا کہ آخر ہم قانون کی خلاف ورزی کے حوالے سے کیوں لاپرواہی کا شکار ہیں۔ ہماری سڑکیں عمومی طور پر ناقص اور جگہ جگہ سے ناہمواری کا شکار ہیں جس پر رواں دواں ٹریفک نہ صرف اپنی روانی کو درست حالت میں جاری وساری رکھنے میں ناکام نظر آتی ہے بلکہ پیدل چلنے والے افراد کے لئے مسائل پیدا کرتی نظر آتی ہے۔

پنجاب میں ٹریفک نظام کی بہتری کے لئے جس انداز سے نئی فورس تشکیل دی گئی ہے اس سے پڑھے لکھے نوجوانوں کو ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لئے نئے عزم کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا ہے اور دیگر صوبوں کے مقابلے میں پنجاب کی ٹریفک کے لئے متعین کی گئی فورس نسبتاً زیادہ تر نوجوان نسل پر مشتمل ہے اس سے جہاں نئی نسل کو قومی ذمہ داریوں سے منسلک کرنے اور ان پر اعتماد کے اظہار کی صورت میں جو سرپرستی فراہم کی گئی ہے وہاں نوجوانوں کو پوری لگن اور قومی جذبے کے ساتھ ملک وقوم کی خدمت کے لئے آگے بڑھنے کے مواقع بھی میسر آئے ہیں۔ دنیا کے بیشتر ممالک میں تعلیم وتحقیق کے سلسلے میں اپنے قیام کے دوران میں نے محسوس کیا ہے کہ وہاں لوگوں کے اندر ٹریفک قوانین کا شعور نہ صرف رچ بس چکا ہے بلکہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے کو عوامی سطح پر بھی تحقیر کا مستحق گردانا جاتا ہے۔ فیصل آباد پاکستان کا تیسرا بڑا شہر اور ملک کی صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کا مرکز ومحور ہے لہٰذا یہاں نقل مکانی کے ساتھ ساتھ دیہی ثقافت سے وابستہ افراد کی بہتات نے اس شہر پر ابھی تک میٹروپولیٹن کلچر کی چھاپ نہیں لگنے دی۔ آج بھی یہاں اونچے اونچے پلازوں کے سائے میں دیہی زندگی کے انوکھے رنگ پوری آب وتاب کے ساتھ دکھائی دیتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ یہاں کے باسیوں میں ابھی تک ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے حوالے سے شعور کی سطح اس قدر بلند نہیں ہو پائی جس کا ظہور کراچی، لاہور اور اسلام آباد کے شہروں میں واضح انداز میں دکھائی دیتا ہے۔

فیصل آباد ٹریفک پولیس کی جانب سے عوامی سطح پر ٹریفک قوانین کا شعور اجاگر کرنے اور لوگوں کو ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کے لئے مثبت کردار پر مائل کرنے کے حوالے سے مقامی ٹریفک پولیس حکام کی کاوشیں لائق ستائش ہیں بالخصوص ''سگنلز'' کے نام سے ایجوکیشن یونٹ کی مطبوعاتی کاوشیں یقیناً عوامی سطح پر بالعموم اور نوجوانوں میں بالخصوص مثبت رجحان پیدا کرنے میں ممد ومعاون ثابت ہوں گی۔ میں اس بات پر پختہ یقین رکھتا ہوں کہ ہم سب انفرادی طور پر سچے مسلمان اور مخلص پاکستانی کی حیثیت سے اگر اپنے کردار کو قانون کے سانچے میں ڈھالنے پر آمادہ ہو جائیں تو دس سال میں اتنی قیمتی جانیں ضائع ہونے سے بچ سکتی ہیں۔ جن کا تذکرہ اپنے مضمون کے آغاز میں میں نے کیا ہے۔ ہمیں قانون کی پاسداری کے کلچر کو اپنی ذات سے اپنے گھر کی دہلیز تک لے کر جانا ہے یوں خاندان کی سطح پر اگر قانون کی پاسداری کا چلن فروغ پائے گا تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم ایک مہذب اور قانون پر عمل کرنے والی قوم کی حیثیت سے معاشرے میں اپنا تشخص نہ منوا سکیں۔ جہاں تک ایجوکیشن یونٹ کی کاوشوں کا تعلق ہے مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ فیصل آباد کی ٹریفک پولیس تعلیمی اداروں میں خصوصی لیکچرز کے ذریعے نئی نسل کو ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے لئے جو کردار ادا کر رہی ہے اس کے یقیناً دلکش اثرات آنے والے دنوں میں ظہور پذیر ہو سکیں گے۔

اگر ہم اپنے آپ کو ملکی قوانین کے احترام کے حوالے سے پابند بنالیں تو اس سے نہ صرف ٹریفک حادثات کو کم سے کم سطح پر لایا جا سکتا ہے بلکہ اس سے ٹریفک کی روانی اور انسانی بقاء کے اعلیٰ معیارات کے حصول میں مدد مل سکے گی۔ میں دعا گو ہوں کہ نہ صرف فیصل آباد میں بلکہ پاکستان کے قریہ قریہ اور کوچہ کوچہ بسنے والے افراد ملکی شاہراہوں پر ایک نظم وضبط کے ساتھ رواں دواں رہیں تاکہ ٹریفک کے ساتھ ساتھ انسانی جسم میں خون کی روانی بھی تسلسل کے ساتھ چلتی رہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ عطا کرکے اسے یہ فہم وفراست عطا کی ہے کہ وہ اپنی زندگی کو ٹریفک کی بدنظمی کی نذر کرکے ناشکری کا ارتکاب کرے۔ خدا کرے کہ میرے دیس کی شاہراہوں پر ایک دوسرے کے احترام اور قوانین کی پاسداری کے نئے سنگ میل نصب ہو سکیں اور ان سڑکوں پر ٹریفک کی بدنظمی اور افراتفری کی بدولت معصوم جانوں کا اتلاف اور انسانی خون کی ارزانی کے مناظر وقت کی اہم پوری بے رحمی کے ساتھ نہ دیکھ سکے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ آمین



Scanned with CamScanner

# سڑک

تحریر۔ عابد کمالوی



زندگی ایک سڑک کی مانند ہی تو ہے کہ سڑکوں میں چوراہے ہوتے ہیں یعنی ایسے مقامات جہاں پورب سے پچھم جانے والی سڑک پر ان مسافروں کیلئے راستہ ہوتا ہے جو شمال سے جنوب اور جنوب سے شمال کی طرف جانا چاہتے ہوں زندگی کی اس شاہراہ پر کچھ تو بگٹٹ دوڑے جا رہے ہیں چیتے کی طرح اور کچھ ایسے بھی ہیں جو کچھوے کی رفتار پر زندگی کا سفر طے کر رہے ہیں اور وہ بھی ہیں جو زمانے کی رفتار سے آگے نکلنے کیلئے زندگی کی سڑک پر چلنے کیلئے مقررہ سپیڈ یعنی (حد رفتار) سے بھی تیز بھاگ رہے ہیں منزل کا تعین کئے بغیر منزل کی خبر رکھے بغیر ایسے لوگوں کے بارے حضرت غالب نے کہا۔

رو میں ہے رخشِ عُمر کہاں دیکھئے تھمے　　　نے ہاتھ باگ پہ ہے نے پا ہے رکاب

ن ہماری یہ مثال ہے کہ ہم گھروں اور بازاروں کے تھڑوں، پارکوں، ہوٹلوں اور دوسرے مقامات پر تاش، لڈو اور شطرنج گھنٹوں کھیلتے ہیں لیکن جب سڑک پر آتے ہیں تو ہماری "جلدی" سنبھالی نہیں جاتی جس کا نتیجہ ایک دوسرے کے ساتھ الجھنے، لڑنے، جھگڑنے یا حادثے کے علاوہ کچھ نہیں ہوتا۔ منیر نیازی نے ایسی ہی کیفیت کے بارے کہا تھا۔

منیر اس ملک پر آسیب کا سایہ ہے یا کیا ہے　　　کہ حرکت تیز تر ہے اور سفر آہستہ آہستہ

کچھ لوگ شاہراہ زندگی پر ایسے چلتے ہیں جیسے یہ صرف ان کیلئے ہے حالانکہ دوسرے بھی بہت سے چلنے والے ہیں لیکن وہ ان کا احساس نہیں کرتے وہ انہیں اپنے پاؤں یا سواریوں کے نیچے کچل کر آگے نکلنا چاہتے ہیں، ہماری تاریخ ایسے ہلاکو اور چنگیز خانوں سے بھری پڑی ہے جو عیش میں یاد خدا اور طیش میں خوف خدا سے غافل رہتے ہیں اور صفحہ تاریخ پر ان کے ناموں کے آگے بھیڑیے، درندے، سنگدل، فرعون، یزید اور وحشی جیسے الفاظ لکھے ہوتے ہیں۔ جس طرح دنیا میں سڑک پر پوری ٹریفک ایک قانون کے تحت چلتی ہے اسی طرح انسانی زندگی کی سڑک کیلئے قانون اور ضابطے وضع کر دیئے گئے ہیں۔ "ٹریفک قانون کے تحت یہ قاعدہ مقرر کیا گیا ہے کہ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد ایک طرف کی سڑک پر لال سگنل اور ہرا سگنل استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک گاڑی چلتے چلتے چوراہے پر پہنچتی ہے اور دیکھتی ہے کہ اس کے سامنے لال سگنل روشن ہو گیا ہے تو وہ وہیں رک جاتی ہے تاکہ دوسری سڑک سے چلنے والی سواریوں کو گزرنے کا موقع دے دے جب دوسری سڑک کی سواریاں نکل جاتی ہیں تو لال سگنل کی جگہ ہرا سگنل روشن ہو جاتا ہے اب آپ کی سواری کیلئے موقع ہوتا ہے کہ وہ چوراہے کو پار کرے اور اپنا سفر جاری رکھے۔

چوراہے کا یہ قانون زندگی کا قانون بھی ہے۔ زندگی کی سڑک کوئی خالی سڑک نہیں، جس پر آپ اپنی مرضی کے مطابق صرف اپنی گاڑی دوڑاتے رہیں یہاں دوسرے بھی بہت سے ایسے لوگ ہیں اور وہ بھی اپنا اپنا سفر طے کرنا چاہتے ہیں۔ ضروری ہے کہ ہر ایک اپنے اندر یہ وسعت اور لچک پیدا کرے کہ وہ یہاں خود راستہ لینے کیساتھ ساتھ دوسروں کو بھی راستہ دے جو لوگ اپنے اندر یہ حکمت پیدا نہ کریں ان کا انجام ایسے ہوگا جیسے کوئی ایسا چوراہا ہو جہاں کوئی ڈرائیور اپنی گاڑی کو نہ روکے، ہر ایک بس اندھا دھند اپنی سواریاں دوڑا تا رہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ زندگی کی شاہراہ پر آگے بڑھیں تو آپ کو دوسروں کیلئے بھی گزرنے کا موقع دینا ہوگا۔

تو اے صاحبان بصیرت کبھی ہم نے سوچا کہ ہم نے زندگی کی اس سڑک کا کیا حال کر دیا ہے ہم نے اس پر گڑھے کھود رکھے ہیں ہم نے اس پر طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا کر دی ہیں۔ اس پر کانٹے اور کانچ بچھا دیئے ہیں ہم نے زندگی کی اس سڑک کو اس قدر خوفزدہ بنا دیا ہے کہ اس پر چلتے ہوئے یہی دھڑکا لگا رہتا ہے کہ کہیں سے کوئی خونی دھاتی ڈور کسی معصوم کا گلا نہ کاٹ دے، کوئی ان دیکھی گولی سر یا سینے سے پار نہ ہو جائے، کوئی خودکش آرام سے گزرتے ہوئے مسافروں کو اپنی دہشت کا نشانہ نہ بنا دے، کوئی رہزن زادِ راہ نہ لے اڑے، کوئی سڑک کنارے کھڑی سواریاں چوری نہ کر لے، کوئی اُچکا بے ہوشی والی کوئی چیز سونگھا کر لوٹ نہ لے، کوئی مجرم کسی معصوم کو اغواء نہ کرے، کسی دوشیزہ کی عصمت نہ لٹ جائے ہم زندگی کی اس سڑک پر روزانہ اتنے جنازے دیکھتے ہیں، اتنی میتیں اپنے ہاتھوں سے اٹھاتے ہیں لیکن تھوڑی دیر رک کر اس اندوہناک واقعہ کے بارے میں نہیں سوچتے جس نے چند ثانئے قبل جیتے جاگتے انسان کو میت میں بدل دیا۔ شاید انسانوں کی ایسی ہی کیفیت پر کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

حادثے سے بڑا سانحہ یہ ہوا　لوگ ٹھہرے نہیں حادثہ دیکھ کر

تو میرے چارہ گرو! زندگی کی اس سڑک کو محفوظ بنانے کی کوئی تدبیر کرو، وہ دعائیں یاد کرو جو گھر سے نکلتے وقت سڑک پر چلتے اور سڑک کے کنارے بنی دکانوں اور مکانوں میں پڑھی جاتی ہیں جنہیں پڑھنے والے محفوظ و مامون رہتے ہیں۔



Scanned with CamScanner



# سگنل

پروفیسر ڈاکٹر شمشاد اختر
گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج، گوجرہ

فائنل ایئر کلاس کا آخری دن تھا۔ پروفیسر صاحب کلاس میں داخل ہوئے، حسبِ معمول لیکچر شروع کرنا چاہا مگر طلبا نے اصرار کیا کہ سر آج کچھ باتیں ہو جائیں۔ پروفیسر صاحب نے کلاس کا موڈ بھانپتے ہوئے ایک کہانی شروع کی۔

بچو! ایک دفعہ جنگل میں ایک درخت کی شاخ پر ایک چڑیا بیٹھی تھی وہ چڑیا راجپوت چڑیا تھی۔ کلاس میں بے چینی محسوس ہوئی تو پروفیسر صاحب نے پوچھا کیا چڑیا کے کردار پر آپ کو اعتراض ہے؟۔ ایک BOLD شاگرد نے کہا سر چڑیاں راجپوت نہیں ہوا کرتی۔ سر نے کہا چلو وہ چڑیا جاٹ تھی کلاس حوصلہ پا چکی تھی۔ طلبا نے کہا سر چڑیا جاٹ بھی نہیں ہوتی، سر نے کہا اچھا چلو چڑیا ارائیں ہوگی، گجر ہوگی، پٹھان ہوگی، ملک ہوگی یا شیخ ہوگی مگر طلبا تسلیم کرنے سے انکاری تھے۔ سر نے پینترا بدلا چلو یوں سمجھو وہ چڑیا سُنی تھی طلبا نے کہا سر یہ کیسے ہو سکتا ہے چلو پھر وہ شیعہ ہوگی، اہلحدیث ہوگی، دیوبندی ہوگی مگر طلبا ماننے سے انکاری تھے۔

کہانی وہیں کھڑی تھی، پروفیسر نے کہا یوں مان لو چڑیا پنجابی تھی۔ بچے پھر بضد تھے چڑیا پنجابی، سندھی، پٹھان، بلوچ نہیں ہو سکتی۔ سر نے اب سختی سے کہا کہانی آگے چلنے دو چلو چڑیا مسلم لیگی ہوگی، شاگرد گستاخانہ حوصلہ پا چکے تھے پھر انکاری تھے۔ کہا چلو وہ پیپلز پارٹی سے تعلق رکھتی تھی یہ بھی نہیں تو چڑیا جماعت اسلامی کی رکن تھی یا چلو وہ عمران خان صاحب کی جماعت کی مقامی صدر تھی۔ بچے پھر بضد تھے کہ ایسا نہیں ہو سکتا۔ پروفیسر نے آخر پوچھا آپ کو چڑیا کی مذہبی، سیاسی، علاقائی، وراثتی تفریق پر انکار کیوں ہے۔ بہادر شاگرد کے منہ سے اچانک نکل سر چڑیا تو معصوم ہوتی ہے وہ ان گروہ بندیوں پر یقین نہیں رکھتی۔ استاد نے کہا اس کا مطلب ہے! جوان پر یقین رکھتے ہیں وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نہیں ہوتے۔ سگنل سبز ہو چکا تھا۔ پیغام پہنچ چکا تھا عقدہ کھل چکا تھا کہ یہ گروہ بندیاں صرف اور صرف مفاد کی بنیادوں پر استوار ہیں اور دوسروں کا حق چھیننے کیلئے ہیں۔ ان کا مقصد اپنی بزدلی چھپانے کی سعی ہے۔ جب تک انسان نیزہ تانے شیر کو تنہا للکار رہا تھا بہادر تھا اور جب انسان گروہ بنا کر شیر کو گھیر کر مارنے لگا، بہادری رخصت ہوئی اور پھر یہ سلسلہ اس نے خود اپنی نوع کے حقوق کی پامالی کیلئے استعمال کرنا شروع کر دیا اور یوں انسان انسان نہ رہا جاٹ بن گیا، سنی بن گیا اور مسلم لیگی بن گیا۔

پروفیسر صاحب نے کہا تو پھر ایک حقیقی کہانی سنو۔ سنا ہے ایک دفعہ دیوتاؤں نے ایک خوبصورت تخلیق کا فیصلہ کیا۔ پھولوں سے رنگ چرائے گئے، حسینوں سے حسن مستعار لیا گیا، پانچ دریاؤں، سینکڑوں گنگناتی ندیوں کو اس کی سیرابی کا حکم ملا۔ ہمالیہ سے کہا گیا خوبصورت چوٹیوں سے اس کا حصار قائم کرو۔ ہواؤں سے کہا گیا اپنی تمام صنفوں سے اس پر گزرگاہیں بنا دو۔ وادیوں کو حکم ہوا اپنی تمام تر خاموشیاں لے کر اس پر بسیرا کریں۔ ہیرے جواہرات کی کانیں اس کا سنگھار ٹھہریں معدنیات کے خزانے اس کا زیور بنیں، زرخیز زمینوں کو اس پر پھیلا دیا گیا۔ موسم کے تغیرات کو حکم ملا اس تخلیق کو حسن کے سارے ذائقے عطا کریں۔

پھر دنیا کی بہترین خصوصیات کے حامل بہادر، جفاکش، معصوم، خوبصورت، جسمانی اور ذہنی صحت سے مالا مال لوگ اس تخلیق پر بسا کر اسے سندِ تکمیل عطا ہوئی۔ ایک انتہائی باصلاحیت دیوتا کو اس کی حفاظت کا فریضہ سونپا گیا۔ دیوتا الفاظ اور اعمال کا ساحر تھا۔ نوزائیدہ تخلیق اپنے محافظ دیوتا کی پناہ میں آہستہ آہستہ نشوونما پانے لگی۔ اور پھر پیارے بچو دیوتاؤں کو جانے کیا سوجھی اور یوں بھی دیوتاؤں کے فیصلے عجیب ہی ہوا کرتے ہیں۔ اس باصلاحیت دیوتا کو واپس بلا لیا گیا اور دیوتا معصوم تخلیق کو بحیرہ عرب اور ہمالیہ سے گھری محفوظ وادی میں روتا چھوڑ کر رخصت ہو گیا۔ بچہ بہت پیارا تھا۔ بچے کا سرخ وسفید رنگ چمکتی دھوپ اور چاند کی چاندنی میں خوب جچتا تھا۔ بچے کے جسم میں خون کی سرخیوں کو دیکھ کر بڑی بڑی چونچوں والے گدھ اس کے جسم پر اتر آئے اور اپنی ناپاک چونچیں اس کے مقدس بدن میں گاڑ کر خون چوسنے اور گوشت کھانے لگے۔ تخلیق بے بس تھی اور اسکے باسی سادہ دل گدھوں کے خون چوسنے کے عمل کو بھی مشیت ایزدی سمجھتے رہے۔

پھر ایک بڑی چونچ والا بڑا گدھ تخلیق کا ایک بازو کاٹ کر لے گیا بچہ درد سے چلا اُٹھا سادہ لوح باسی غضب ناک ہو گئے مگر گدھ چالاک تھے اور موقع شناس۔ انہوں نے چونچوں کو مختلف رنگ دے دیئے اور باسیوں کو یقین دلایا کہ یہ رنگ والی چونچیں کاٹ نہیں رکھتیں۔ پھر عجیب چلن ٹھہرا مختلف رنگوں کی چونچوں والے گدھوں نے اپنے گروہ بنا لئے۔ چونچ رکھنا محترم ٹھہرا اور بے چونچ ہونا بے توقیر۔ تقریباً سب نے چہروں پر چونچیں سجا لیں اور حسبِ استطاعت تخلیق کا گوشت نوچنے لگے۔ اور اب تو عجیب موسم ہے تخلیق کی چیخیں سن کر اب اس کے باسیوں کے خون میں بھی غصہ کا ابال نہیں آتا بس ہر باسی یہ دیکھتا ہے کہ کیا چونچ کا رنگ اسکا پسندیدہ ہے یا نہیں۔ یا پھر تخلیق کے نقشے پر گدھوں کو ان جگہوں کی نشاندہی کرتا ہے جہاں اس کی پسندیدہ چونچ والا گدھ چونچ گاڑ سکے۔ پروفیسر کی کہانی جاری تھی اس کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے، کلاس کی آنکھیں پرنم تھیں مگر ان پرنم آنکھوں سے موقع پرست گدھوں کی چونچیں نہیں ٹوٹ سکتیں پھر پروفیسر چونک پڑا ہر طالب علم کی آنکھ میں سرخ سگنل کی بتی روشن تھی جس کے بعد سبز بتی جلنی ہوگی، جو دیوتا کی دوبارہ آمد کا اشارہ ہوگی۔ پروفیسر کے الفاظ گونج رہے تھے اپنے اپنے چہرے کو ضرور ٹٹولو بچو! چہرے پر چونچ اگر ہو تو توڑ ڈالو ورنہ سوچ لو سبز بتی ہونے کو ہے اگر دیوتا آ گیا تو چونچ والوں کا کیا ہوگا۔



Scanned with CamScanner

# انسان سازی

اسلم شنکر
ڈی۔ایس۔پی۔ٹریفک جھنگ

ہمارا سب سے گھمبیر المیہ یہ ہے کہ ہم نے "ہم" اور "میں" کی تفریق کو ختم کرنے کیلئے آج تک نہیں سوچا۔ ساری قوم بشمول میرے "میں" کے مفہوم سے "ہم" کی قوت میں مدغم نہیں ہوسکی۔ میرا مال، میری نوکری، میری کُرسی، میری حیثیت، میرا رتبہ، میرا علاقہ، میرا فرقہ، میری عزت، میرا فائدہ، میرا نقصان، میرا نظریہ، میری پارٹی، میرے مفادات اور میری پہچان اگر صرف میرا کی جگہ ہماری سوچ میں ہمارا شامل ہوجائے تو ہم پسماندگانِ دشت کے طبقے سے اُبھرا ہوجائیں گے ہمیں اس امر سے بخوبی آشنا ہونا چاہیے کہ بیرونی ملک دشمن عناصر ہماری انفرادیت پر حملہ آور ہونیکی بجائے اجتماعیت کو نشانہ بناتے ہیں اور ہمیں ایک قوم ہی گردانتے ہیں جبکہ ہم تعصبات کا شکار ہوکر دشمنانِ ملک وقوم کو تقویت پہنچانے میں سرگرم عمل ہیں۔

"خدا کے واسطے الزام ناخدا کو نہ دو　　　سفینے خود ہی اُبھرتے ہیں ڈوبنے کیلئے"

کبھی ہم نے سوچا کہ سید وارث شاہ کی تخیلاتی جنت (جھنگ) جسکی حدود لاہور اور ساہیوال تک تھیں کو فرقہ واریت کی وجہ سے جہنم کس نے بنا دیا؟ لال مسجد آپریشن کا ذمہ دار کون ہے؟ کالا باغ ڈیم کیوں نہیں بن رہا؟ مساجد میں دھماکوں کی کیا وجہ ہے؟ خودکش دھماکوں کا سلسلہ کیوں شروع ہوگیا؟ اس طرح کے سینکڑوں سوالات جواب کے منتظر ہیں حالانکہ جواب ہم سب کے اندر موجود ہے اور وہ یہ ہے کہ ہمیں معیشت سازی، قانون سازی، ملک سازی، ثقافت سازی، کردار سازی، صنعت سازی اور آئین سازی کی بجائے انسان سازی کی ضرورت ہے۔

جذبہ ایثار وقربانی، جذبہ انسانیت اور جذبہ حُب الوطنی کی ضرورت ہے۔ مجھے پاکستان کی عظیم لوک فنکارہ ریشماں کا وہ جملہ یاد آرہا ہے جو انہوں نے بھارتی وزیراعظم اندرا گاندھی کی طرف سے دی جانیوالی بھارتی قومیت کی پیشکش پر کہا تھا کہ "میں بھارت کی شہریت قبول تو کرلوں مگر اُس عظیم مادرِ وطن عزیز کو کس طرح چھوڑ دوں جس نے کھدر کو ریشماں بنا دیا"۔ اگر یہی جذبہ ہر پاکستانی میں پیدا ہوجائے تو ہمارا ملک چشمِ زدن میں ترقی کی فلک بوس منازل کو چھوتا نظر آئیگا اور اگر اسی مادرِ عزیز کے بیٹے صحافیوں کے روپ میں زرد صحافت کا حصہ بن کر، پولیس والوں کے روپ میں ظلم وتشدد کا نشان بن کر اور وکیلوں کے روپ میں قاتلوں کی وکالت کر کے اپنی ماں کے سینے کو داغدار کرتے رہے تو۔۔۔۔۔۔۔۔62 برس گزر جانے کے بعد کم از کم ہمیں اپنے اور اپنے ملک کے مشترکہ مفادات اور سالمیت کی خاطر یکجا اور متفق ہوجانا چاہیے تاکہ ہم اپنی کھوئی ہوئی پہچان اور عظمت کو دوبارہ برقرار کرسکیں۔ خالقِ کائنات ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

"ہم تو سن ہمت کو جب ایڑ ذرا دیں گے　　　ٹھوکر سے گرا دیں گے رستے کی چٹانوں کو"

## حُسنِ کارکردگی



اٹھارویں بیس بال چیمپئن شپ میں جناب آئی۔جی پنجاب، شوکت جاوید صاحب کی طرف بہترین کارکردگی پر کانسی کا تمغہ دیا گیا۔

سید درِ حُسین T.W



سینئر ٹریفک وارڈن رائے اللہ دتہ نے سیکٹر کوتوالی میں تعیناتی کے بعد سیکٹر میں طویل عرصہ سے موجود لاوارث گاڑیوں کی چھان بین کر کے اُنکے وارثان تک پہنچانے کا سلسلہ شروع کیا ہے اور جسے عوام اور افسران نے بہت سراہا ہے۔



T20 کرکٹ ٹورنامنٹ منعقدہ پنجاب میڈیکل کالج گراؤنڈ، فیصل آباد جیتنے پر کنگ وارڈنز الیون مہمانِ خصوصی چوہدری جاوید انور (DSP پیپلز کالونی) کے ہمراہ



**آل پاکستان شوگر کانفرنس** جس کا انعقاد پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں Emed کے زیر اثر ہوا۔ شوگر کی بیماری کے تدارک اور احتیاط پر زور دینے اور عوام الناس میں اس کی تشہیر کی خاطر آل پاکستان مشاعرے کا انعقاد ہوا اور اس مشاعرے میں پاکستان بھر میں سید مطیع ترمذی (ٹریفک وارڈن) کی نظم نے پہلی پوزیشن حاصل کرتے ہوئے سٹی ٹریفک پولیس کی ترجمانی کی۔



Scanned with CamScanner

# انٹرویو — ملک احمد رضا طاہر (ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد)

## تعارف



آپ کا تعلق اعوان فیملی سے ہے اور آبائی علاقہ وادی سون سکیسر ضلع خوشاب ہے۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے انگلش لٹریچر میں ماسٹر ڈگری حاصل کرنے کے بعد 1976 میں (ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ) بطور لیکچرر گورنمنٹ کالج ساہیوال تعینات ہوئے جبکہ 1982 میں مقابلے کے امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے کے بعد ان کی پہلی تعیناتی بطور ASP شاہپور (سرگودھا ڈویژن) میں ہوئی۔ بعدازاں پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بناء پر آپکو پولیس کے تقریباً تمام شعبوں میں مختلف ادوار میں مختلف عہدوں پر نہ صرف پنجاب بلکہ صوبہ سرحد، بلوچستان اور سندھ میں بھی فرائضِ منصبی کی انجام دہی کا موقع ملا۔

دورانِ سروس اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک آپ تقریباً "16" تربیتی کورسز میں حصہ لے چکے ہیں اسکے علاوہ آپ (94-1992) بوسنیا میں اقوام متحدہ کے مشن میں بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ آجکل آپ فیصل آباد ریجن میں بطور ریجنل پولیس آفیسر تعینات ہیں اور ڈسٹرکٹ فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ اور چنیوٹ میں پولیس کی کمانڈ کر رہے ہیں۔ کرکٹ آپکا پسندیدہ کھیل ہے اور انگلش ادب میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ آپ بہت شائستہ، نرم گفتار اور لطیف طبیعت رکھتے ہیں۔ اسکے ساتھ آپ ایک سنجیدہ اور پروفیشنل پولیس آفیسر بھی ہیں۔

## سوالات وجوابات



سگنل: فیصل آباد اور پنجاب کے دیگر شہروں میں آپ نے وارڈن سسٹم کو کیسا پایا؟

جواب: یہ حکومت کا ایک بہترین فیصلہ تھا۔ پڑھے لکھے، سمارٹ نوجوانوں کو محو خدمت دیکھ کر خوشی محسوس ہوتی ہے۔ یہ سسٹم بہت بہتر طریقے سے چل رہا ہے میں نے محسوس کیا ہے کہ بعض اوقات لوگ خوشی خوشی چالان کروا لیتے ہیں یہ آپ لوگوں کی بریفنگ کا اثر ہوتا ہے۔ حسن اخلاق سب سے اچھی پہچان ہے۔

سگنل: یہ فورس اپنے اہداف کو حاصل کرنے میں کس حد تک کامیاب ہوئی ہے؟

جواب: میرے خیال میں یہ سوال ہر وارڈن دوست کو اپنے آپ سے پوچھنا چاہیے۔ بڑی حد تک عوامی رویہ میں تبدیلی آئی ہے۔ پولیس اور عوام میں فاصلہ کم ہوا ہے یہ بڑی کامیابی ہے لیکن مستقل مزاجی کامیابی کا پیش خیمہ ہے۔

سگنل: آپ ٹریفک وارڈنز کا مستقبل کیسا دیکھتے ہیں؟

جواب: ہمیشہ یاد رکھیں! آپ کی کامیابی آپ کی کارکردگی سے مشروط ہے۔ وزیراعلیٰ اور افسران بالا کی کمیٹیاں آپ کے سروس سٹرکچر اور پروموشن وغیرہ کے حوالے سے کام کر رہی ہیں۔ انشاء اللہ آپ کا مستقبل روشن ہے۔

سگنل: کیا ٹریفک وارڈن سسٹم کو صوبائی سطح پر پھیلانا چاہیے؟



جواب: آپ لوگ بہت اچھی سروس فراہم کر رہے ہیں۔ عوام نے اسے پسند کیا ہے۔ واقعی اس سے ٹریفک پولیس کے کلچر میں مثبت تبدیلی آئی ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کیساتھ ساتھ ٹریفک والیم میں اضافہ بھی اس بات کا متقاضی ہے کہ اس سروس کو صوبائی سطح پر پھیلایا جائے۔

سگنل: ملکی حالات کے پیش نظر کیا ٹریفک وارڈنز کے پاس اسلحہ ہونا چاہیے؟

جواب: آپ کی بنیادی ذمہ داری ٹریفک کنٹرول کرنا ہے۔ تاہم میں یہ سمجھتا ہوں کہ ملکی حالات اس نہج پر نہیں کہ ٹریفک وارڈنز کو مسلح کیا جائے۔

سگنل: ضلع پولیس اور ٹریفک وارڈنز کے مابین باہمی تعاون بہت کم ہے۔ اسے کس طرح فروغ دیا جا سکتا ہے؟

جواب: دونوں شعبوں کا باہمی تعاون لازم و ملزوم ہے لیکن ایک اصول ہمیشہ یاد رکھیں Give Respect, Have Respect تعاون کی فضاء کو پروان چڑھانے کیلئے بہت ضروری ہے۔ میں دونوں شعبوں کے افسران کو ہدایت کروں گا کہ ایسا لائحہ عمل تیار کریں جس سے باہمی رابطہ اور تعاون نہ صرف فروغ پائے بلکہ برقرار رہے۔

سگنل: اس سسٹم کو موثر بنانے کیلئے کیا لائحہ عمل اپنانا چاہیے؟

جواب: بلاشبہ بہتری کی گنجائش ہر جگہ موجود ہوتی ہے۔ یہ نوجوان فورس بہت پوٹینشل کی متحمل ہے جسے بروئے کار لانے کی ضرورت ہے میرے خیال میں وارڈن فورس کو ضلعی پولیس کے ساتھ کم از کم تین ماہ تک ریگولر تربیت کا موقع دیا جانا چاہیے تا کہ یہ محکمانہ رموز و اوقاف سے واقفیت بھی حاصل کر لیں۔ نیز ان تعلیم یافتہ نوجوانوں کو موٹروے اور دیگر پولیس کی طرح بیرونِ ملک کورسز میں ملکی نمائندگی کا موقع دیا جانا چاہیے۔

سگنل: ٹریفک ایجوکیشن بارے آپ کی رائے؟

جواب: ٹریفک ایجوکیشن وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسکا آغاز سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز سے کیا جانا چاہیے۔ اسکے علاوہ سٹوڈنٹس، سکاؤٹس کو اپنے ساتھ چوراہوں میں ملا کر تربیت دیں تا کہ آپکا پیغام جلد اور موثر طریقے سے زیادہ لوگوں تک پہنچے۔ میں سمجھتا ہوں کہ لائن اینڈ لین سسٹم کو ترویج دیکر ٹریفک کے Smooth Flow کو یقینی بنایا جا سکتا ہے اور یہ ایجوکیشن سے ہی ممکن ہے۔

سگنل: ٹریفک سسٹم کی بہتری کیلئے میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالیں؟

جواب: نہ صرف ٹریفک شعور کی آگاہی بلکہ مکمل ٹریفک سسٹم کی بہتری میں میڈیا اہم ترین کردار ادا کر سکتا ہے۔ میڈیا کو ٹریفک وارڈنز کی کمی کجی کی نشاندہی کیساتھ ساتھ اس سسٹم پر اثر انداز ہونے والے دیگر عوامل کا احاطہ بھی کرنا چاہیے۔

سگنل: آخر پر کوئی پیغام؟

جواب: آپ خوش نصیب ہیں کہ آپ کو خدمتِ خلق کا عظیم موقع ملا ہے۔ بزرگوں، بچوں اور خواتین کو شاہراہوں پر تحفظ فراہم کرنا، قانون کا منصفانہ اور غیر جانبدارانہ نفاذ آپکی اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ بعض اوقات دیکھنے میں آیا ہے کہ افسران کی معمول کی آمد و رفت کے دوران سڑک اور ٹریفک سگنل کو بند کر کے گزارنے کی کوشش کی جاتی ہے جس سے عام شہریوں پر پولیس اور حکومت کا منفی تاثر پڑتا ہے۔ اس رجحان کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے۔ چالان کی بجائے وارننگ دیں اور ملکی حالات کے پیش نظر باہمی تعاون کو فروغ دیں اور ناکہ و چیک پوائنٹ ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے اپنے گردونواح پر کڑی نظر رکھیں تا کہ امن و امان کی فضاء برقرار رکھی جا سکے۔



Scanned with CamScanner

# پھول جیسے مسکراتے چہرے

ڈاکٹر محمد جلال عارف
(پرنسپل آفیسر شعبہ تعلقات عامہ و مطبوعات زرعی یونیورسٹی فیصل آباد)



جون کی آگ برساتی دوپہر تھی، آسمان سے گویا شعلے برس رہے تھے، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کی مین روڈ خلاف معمول خالی تھی اور دور دور تک سڑک پر گرمی کی حدت کے آثار نمایاں تھے۔ پرندوں نے درختوں پر پناہ لے رکھی تھی۔ اکا دکا پرندہ بہتے پانیوں میں ڈبکی لگا کر گرمی سے نجات کا اہتمام کرنے میں مگن دکھائی دیتا تھا۔ یونیورسٹی کی مختلف عمارتوں میں لوگ خود کو گرمی سے محفوظ رکھنے کے لئے پناہ لئے ہوئے تھے۔ جس دوران بجلی کی بندش کا سلسلہ شروع ہوتا لوگ بھاگ کر قریبی درختوں اور بالکونیوں میں دفتری فائلیں لے کر پنکھے کے طور پر انہیں استعمال کرنے کے لئے نکل آتے تھے۔ اس نامہربان دوپہر کو مجھے اچانک ایک ضروری کام سے کیمپس سے باہر جانا پڑا، اپنی ذاتی گاڑی میں بیٹھتے ہوئے مجھے یوں محسوس ہوا گویا میں کسی تندور میں جا اٹکا ہوں۔ پسینے کی نا ختم ہونے والی ایک لہر نے میرے جسم کو اپنے پہلو میں لے لیا تھا اور میں سر سے پاؤں تک مکمل طور پر بھیگ گیا۔ گاڑی سٹارٹ کی، کچھ دیر بعد اے سی آن کیا تو گاڑی کا اے سی کام کرنا چھوڑ گیا۔ مجبوراً مجھے گاڑی کے شیشے کھول کر اپنے سفر کو جاری رکھنا پڑا۔ جوں جوں میں سفر کر رہا تھا گویا یوں لگتا تھا جیسے آگ کا ایک دریا ہے جس میں سے اپنی گاڑی گزار کر منزل مقصود کی جانب رواں دواں ہوں۔ مجھے پہلی بار احساس ہوا کہ گاڑی کا اے سی کتنی بڑی نعمت کا درجہ رکھتا ہے۔ میرے جسم کے پسینے نے بہتے بہتے پاؤں سے پھسل کر گاڑی میں اترنا شروع کر دیا۔

